سوال

سوال : جب میں قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہوئے سجدہ تلاوت والی آیت پر پہنچتا ہوں تو کیا سجدہ تلاوت کرنے کیلیۓ قرآن مجید کو زمین پر رکھ سکتا ہوں؟ یا قرآن مجید کو کسی بلند جگہ پر رکھنا لازمی ہے؟

جواب

الحمد للہ

"اگر زمین پاک ہو تو ایسی حالت میں سجدہ تلاوت کرتے ہوئے زمین پر قرآن مجید رکھنے میں کوئی حرج نہیں، اور اگر قرآن مجید کو بلند جگہ پر رکھنا ممکن ہو تو بلند جگہ پر رکھے، یا آپ کی بغل میں بیٹھے ہوئے بھائی کو سجدہ تلاوت سے فارغ ہونے تک پکڑا دے، پھر اس سے لے؛ کیونکہ یہ قرآن مجید کی تعظیم، اور اسکے آداب میں سے ہے، تاکہ لوگ یہ مت سمجھیں کہ آپ قرآن مجید کی توہین کر رہے ہو، یا قرآن کی کما حقہ تعظیم نہیں کر رہے۔ اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے" انتہی۔